ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ 9-کلومیٹرشیخوپورہ روڈ، شاہدرہ، لاہور
فون: 25-37911021(042) UAN 111 200 786

# اطلاع برائے عبوری منافع منقسمہ برائے سال 2020 اور شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے 175ویں اجلاس منعقدہ 19 فروری 2020 میں عبوری نقد منافع منقسمہ بشرح 20 روپے فی شیئر (یعنی 200 فی صد) کا اعلان کیا ہے۔

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 12 مارچ، 2020 تا 18 مارچ، 2020 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفر کی درخواستیں جو ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، ایچ ایم ہاؤس، فرسٹ فلور، 7- بنک سکوئر، لاہور۔ کو 11 مارچ 2020 کے دن کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہو جائیں گی۔ انہیں مذکورہ بالا عبوری نقد منافع منقسمہ کے استحقاق کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرانک ادائیگی (لازمی)**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈیویڈنڈ ڈسٹری بیوشن) ریگولیشنز 2017 کے تحت لسٹڈ کمپنی کا کوئی بھی قابل ادا ڈیویڈنڈ صرف الیکٹرونک ٹرانسفر کے ذریعے براہ راست بینک اکاؤنٹ میں ٹرانسفر ہوگا۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ بینک مینڈیٹ کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ اس بارے میں ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ نے شیئر ہولڈرز کو متعدد نوٹسز جاری کیے ہیں۔

تمام ایسے شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک (IBAN) اور قومی شناختی کارڈ کی تفصیلات نہیں دیں ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ بینک مینڈیٹ کی تفصیلات بمعہ انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) قومی شناختی کارڈ کی کاپی، موبائل نمبر کے ساتھ فوری مہیا کریں۔ بینک مینڈیٹ بمعہ (IBAN) مہیا نہ کرنے کی صورت میں SECP کی ہدایت کے مطابق کیش ڈیویڈنڈ روک لئے جائیں گے۔

اس سلسلہ میں CDC شیئر ہولڈرز CDC انوسٹر اکاؤنٹ سروسز یا بروکرز کو اپنے بینک مینڈیٹ کی تفصیلات بمع IBAN مہیا کر سکتے ہیں۔ فزیکل ہولڈنگ کی صورت میں شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے اکاؤنٹ مینڈیٹ کی تفصیلات بمعہ (IBAN) شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

**ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی**

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے تحت گراس ڈیویڈنڈ کی رقم پر فائلرز کے لئے ایف بی آر نے انکم ٹیکس کے مختلف ریٹس مقرر کیے ہیں فائلرز 15 فی صد اور نان فائلرز 30 فی صد اور جوائنٹ حصہ داران کی صورت میں ٹیکس کی کٹوتی حصہ داران کی علیحدہ علیحدہ فراہم کردہ شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر ہوگی ورنہ ان کے حصص پر کٹوتی برابری کی بنیاد پر ہوگی۔

**قومی شناختی کارڈ جمع کروانا (لازمی)**

مطلع کیا جاتا ہے کہ SECP کی ہدایت کے مطابق شیئر ہولڈرز جن کا شناختی کارڈ شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ان کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک دی گئی ہے۔

لاہور:
24، فروری 2020

محمد فیصل عظیم
(کمپنی سیکرٹری)

حوالہ روزنامہ دن لاہور
مورخہ 24 فروری 2020